Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 17 Short Questions Preparation

Q1. طویل مدتی سرمایہ کاری سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** طویل مدت کے لیے سرمایہ تقریباً 10 سال کی مدت تک حآصل کیا جاتا ہے. کچھ ماہرین کے مطابق اس سرمائے کی مدت 10سال سے زیادہ ہوتی ہے. طویل مدت کا سرمایہ مستقل اثاثہ جات خریدنے کے لیے استعمال ہوتا ہے. جیسے زمین - بلڈنگ- پلانٹ- اور مشینری .

Q2. قلیل مدت کا قرضہ کیا ہوتا ہے؟

**Ans 1:** مختصر مدت کے قرضہ سے مراد ایسا قرضہ ہے جو ایک سال یا اس سے کم عرصے کے لیے لیا جاتا ہے.

Q3. مختصر مدت کی سرمایہ کاری کے زرائع بیان کریں.

**Ans 1:** عمومی زرائع: تجارتی بنک - زرمبادلہ کے بنک - وفاقی سرکاری ایجنسیاں

**Ans 2:** ذاتی زرائع: دوست اور رشتہ دار - مقامی بینکار - عوامی کھاتہ جات - زاتی قرضے کی کمپنیآں - انجمن امداد باہمی

**Ans 3:** کاروباری زرائع: کاروباری قرض خواہ - گاہک - فیکٹرز - کمرشل پیپر ہاوس

Q4. مضاربہ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** مضاربہ سے مراد ایسا کاروبار ہے جس میں ایک شخص یا فریق اپنا سرمایہ لگاتا ہے اور دوسرا شخص یا فریق اپنی محنت یا تجربہ کاروبار کے حوالے کرتا ہے.کاروبار سے حاصل ہونے والا نفع دونوں فریق آپس میں طے شدہ نسبت کے مطابق تقسیم کرتے ہیں.

Q5. طویل مدت کی سرمایہ کاری کے زرائع بیان کریں.

**Ans 1:** آنڈر رائٹر - بانڈز - ریزو فنڈ - نیا حصہ دار - تمسکات - رہن رکھنا مشارکہ سرٹیفیکیٹ - مضاربہ سرٹیفیکیٹ

Q6. مشارکہ کی کوئی سی تین خصوصیات تحریر کریں.

**Ans 1:** مشارکہ بنک اور اسکے گاہک کے درمیان عارضی شراکت ہے،

**Ans 2:** تمام فریق معاہدے میں طے شدہ حصہ کے مطابق اپنا سرمایہ لگاتے ہیں.

**Ans 3:** مشارکہ کا تمام نفع معاہدے میں طے کردہ نسبت کے تحت تقسیم کیا جاتا ہے.

Q7. مشارکہ کا مختصر مفہوم بیان کریں.

**Ans 1:** مشارکہ لفظ شرکت سے اخذ ہے جس کے معنی ہیں حصہ داری مشارکہ سے مراد ایسی کاروباری تنظیم ہے جس میں دو یا دو سے زیادہ فریق باہم نفع و نقصان کے تقسیم کی غرض سے اپنا سرمایہ اور محنت کو کیجا کردیتے ہیں.

---

Q8. مضاربہ کی اقسام بیان کریں.

**Ans 1:** مخصوص مضاربہ: اگر مضاربہ کسی ایک خاص مقصد کے لیے قائم کیا جائے تو اسے مخصوص مضاربہ کا نام دیا جاتا ہے. طے شدہ کام کی تکمیل پر خود بخود مضاربہ کی منسوخی ہو جاتی ہے.

**Ans 2:** کثیرالمقاصد مضاربہ: اگر مضاربہ ایک سے زیادہ کاموں یا مقاصد کے لیے قائم کیا جائے تو اسے کثیرالمقاصد مضاربہ کہا جاتا ہے.

---

Q9. مختصر مدت کی سرمایہ کاری کے ذرائع لکھیں.

**Ans 1:** مختصر مدت کی سرمایہ کاری کے ذرائع میں تجارتی بنک،زرمبادلہ کے بنک. وفاقی اور صوبائی سرمایہ کاری ایجنسیاں ،دوست احباب، اور انجمن امداد باہمی کے ادارے شامل ہیں.

---

Q10. درمیانی مدت کی سرمایہ کاری کے زرائع بیان کریں.

**Ans 1:** لائف انشورنس کمپنیاں - جزوی طریقہ ادائیگی - بذریعہ ایجنٹ - مالیاتی ادارے ٹرم فنانس سرٹیفیکیٹ - پی ٹی سرٹیفیکیٹ

---